دفتر، چیف پبلک ریلیشنز آفیسر

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## ایم ایم ٹی ٹی سی، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے چونتیس واں آن لائن این ای پی اور سینٹیشن اینڈ سیسی ٹائزیشن پروگرام منعقد کیا

New Delhi, May 7, 2025

مالویہ مشن ٹیچر ٹریننگ سینٹر (ایم ایم ٹی سی) جامعہ ملیہ اسلامیہ نے چونتیس واں آن لائن این ای پی اور ینٹیشن اینڈ سینسی ٹائزیشن پروگرام چھ تا سولہ مئی دو ہزار پچیس کا افتتاح کیا۔ عزت مآب شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر مظہر آصف جو این ای پی کی مسودہ کمیٹی کے ممتاز رکن بھی تھے ان کے بصیرت زا اور فکر انگیز خطاب سے پروگرام کا افتتاح ہوا۔ ملک بھر سے سو سے زیادہ فیکلٹی اراکین، محققین، اساتذہ معلمین پر مشتمل شرکا سے خطاب کرتے ہوئے ہندوستانی علوم نظام (آئی کے ایس) کے سلسلے میں انھوں نے قدیم حکمت و دانائی کی باتوں کو معاصر تعلیمی امنگوں سے مربوط کرتے ہوئے گفتگو کی۔

پروفیسر کلوندر کور، اعزازی ڈائریکٹر، ایم ایم ٹی سی نے پروگرام کے شرکا اور شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ پروفیسر کا پر خلوص خیر مقدم کرتے ہوئے تعلیمی اصلاحات کے تئیں ان کے پختہ عہد اور مختلف ہندوستانی زبانوں، ادب اور تہذیب پر ان کی زبردست گرفت پر سپاس کا اظہار کیا۔ اس کے بعد کورس کوآرڈی نیٹر پروفیسر اشونی کمار سنگھ، شعبہ سوشل ورک، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پروگرام کا خاکہ پیش کیا۔

شیخ الجامعہ نے اپنے خطاب میں اس بات پر زور دیا کہ ہندوستانی تعلیم کی روح جامع اور مربوط گیان (معلومات) سکشا (تعلیم) اور سنسکار (تہذیب واقدار) میں بستی ہے۔ ان کی گفتگو نے قومی تعلیمی پالیسی دو ہزار بیس کے اقداری اور جامعیت کو محیط تعلیمی وژن جو ہندوستانی روایت میں پیوست ہے اور جو مستقبل کے تقاضوں کو اپنے اندر سموئے ہوئے بھی ہے اسے واضح کیا۔ پروفیسر آصف نے اپنے خطاب میں ہندوستان کے دیہاتوں اور قبائل کی روزمرہ کی زندگیوں سے بڑی تعداد میں مثالیں پیش کرنے کے ساتھ، ہندوستانی فنون، دست کاری، دیسی پیڑ پودے، جانور اور ہندوستانی تہذیب وثقافت میں ان کے علامتی معانی کو دلچسپ انداز میں بیان کیا۔

سامعین نے خطبے کو بہت پسند کیا کیوں کہ اس میں بصیرت کی گہرائی کے ساتھ کام کاج کے پائے دار طریقوں کو اپنانے

سے متعلق عملی معنویت کی طرف اشارے بھی موجود تھے۔ڈاکٹر خالد رضا،اعزازی ڈپٹی ڈائریکٹر،ایم ایم ٹی ٹی سی کے اظہار تشکر پر پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

پروفیسر صائمہ سعید
چیف،تعلقات عامہ افسر، جامعہ ملیہ اسلامیہ